Maulana Azad National Urdu University

M.A. Women Studies III Semester Examination - December - 2018

Paper : MAWS302DST : Women in Colonial India

پرچہ : خواتین نوآبادیاتی ہندوستان میں

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) جنس (Sex) عورت و مرد کی حیاتیاتی پہچان ہے جبکہ صنف (Gender) ------------ ہے

(ii) ''جوہر کی رسم'' کس ریاست میں رائج تھی ----------

(iii) ستی کی رسم کے خاتمہ کا قانون پہلی دفعہ کس سنہ میں بنایا گیا ----------

(iv) ''اصلاحِ معاشرہ (Social reform) کی تحریک بیسویں صدی کی دین ہے''۔ کیا یہ جواب صحیح ہے ----------

(v) ایک سے زائد بیویوں کے نظام کو ---------- کہتے ہیں۔

(vi) ہندوستان میں تقریباً دوسو برس تک مسلم خواتین کس ریاست کی حکمراں رہیں ----------

(vii) Home Role Movement کی بنیاد گذار خاتون کا نام -------------------

(viii) Child marriage restraint Act کب بنایا گیا -------------

(ix) مذہبی رسم کی بنیاد پر نوجوان لڑکیوں کو کسی مندر کے سپرد کر دینے کی رسم کیا کہلاتی ہے -------

(x) انیسویں صدی میں بیوہ کی دوبارہ شادی کی تحریک چلانے والے سماجی مصلح کا نام ------------ تھا

حصہ دوم

2. مطالعاتِ نسواں کے تحت تاریخ اور خواتین کا مطالعہ کس حد تک ضروری ہے۔ اپنے خیالات قلمبند کیجیے

3. ملک کی آزادی سے قبل قائم کی گئی خواتین کی کسی ایک تنظیم پر نوٹ لکھیے

4. کم عمری کی شادی سے کیا مراد ہے۔اس طرح کی شادی خواتین کی ترقی پر کس طرح اثر انداز ہوتی ہے۔ایک تنقیدی جائزہ لیجیے۔

5. انیسویں صدی میں تعلیمِ نسواں کو فروغ دینے کی ابتدائی کوششوں پر اظہارِ خیال کیجیے

6. خواتین کی تعلیم وترقی کے متعلق سرسید احمد خان کے نظریات تحریر کیجیے

7. مولانا ابوالکلام آزاد خواتین کی ترقی کے متعلق کیا نظریہ رکھتے تھے؟ لکھیے۔

8. راجہ رام موہن رائے کی خدمات پر نوٹ لکھیے

9. Dissolution of Muslim Marriage Act پر نوٹ لکھیے

حصہ سوم

10. نوآبادیاتی ہندوستان (colonial India) سے کیا مراد ہے اور اس دور کو مطالعاتِ نسواں کے نصاب میں شامل کرنے کی کیوں ضرورت ہے۔ مفصل نوٹ لکھیے

11. نوآبادیاتی ہندوستان (Colonial India) میں خواتین کی حیثیت پر ایک تنقیدی جائزہ تحریر کیجیے

12. سماجی اصلاح کی تحریک میں خاتون سماجی مصلحین کی خدمات پر مفصل نوٹ قلمبند کیجیے۔

13. انگریزوں سے ملک کی آزادی میں خواتین کی حصّہ داریوں کا احاطہ کیجیے۔

14. نوآبادیاتی ہندوستان (Colonial India) میں خواتین کی فلاح وبہبود کے لیے بنائے گئے قوانین کا تنقیدی جائزہ لیجیے

☆☆☆